شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

08دسمبر2023ء

پریس ریلیز

پاکستان اسرائیل کے خلاف عملی اقدام کرے،
محض اعلانات بے سود ہیں۔ (اعجاز لطیف)

لاہور (پ ر): پاکستان اسرائیل کے خلاف عملی اقدام کرے، محض اعلانات بے سود ہیں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے قائم مقام امیر **اعجاز لطیف** نے یوم مسجد اقصیٰ کے حوالے سے اپنے پیغام میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ غزہ پر اسرائیل کی وحشیانہ بمباری کو شروع ہوئے دو ماہ ہو چکے ہیں اور اب صیہونی فوج زمینی حملوں کے ذریعہ بھی فلسطینی مسلمانوں کا قتلِ عام کر رہی ہے۔ میڈیا میں بتائے جانے والے اعداد و شمار کے مطابق شہادتوں کی تعداد 17000 کو چھو رہی ہے۔ جس میں آدھے سے زائد بچے اور عورتیں ہیں۔ بڑے پیمانے پر ہسپتال، سکول اور پناہ گزین کیمپ تباہ کر دیے گئے ہیں اور صیہونی درندے شمالی غزہ کے بعد اب جنوبی غزہ کو بھی نشانہ بنا رہے ہیں۔ فلسطینی مجاہدین مسجد اقصیٰ اور ارضِ مقدس کی حفاظت کی جنگ لڑرہے ہیں۔ قائم مقام امیر تنظیم نے کہا کہ اگرچہ چند روز قبل اسلام آباد میں ''مسجد اقصیٰ کی حرمت اور ہماری ذمہ داری'' کے موضوع پر قومی اجتماع کا انعقاد خوش آئند ہے جس میں علماء دین، مفتیانِ متین اور دینی جماعتوں کی قیادت نے شرکت کی۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس موقع پر جب حماس کے مجاہدین امتِ مسلمہ کے بقاء کی جنگ لڑ رہے ہیں محض وعظ و نصیحت سے آگے بڑھ کر حکومتِ پاکستان اور مقتدر طبقات کو عملی اقدامات کرنے کی طرف راغب کیا جانا چاہیے تھا۔ حماس کی اعلیٰ قیادت نے اس قومی اجتماع میں یہ کہہ کر مسلمانانِ پاکستان کے ضمیر کو جھنجھوڑا کہ پاکستان کی دھمکی اسرائیل کو جنگ سے روک سکتی ہے لہٰذا مملکتِ خداداد پاکستان کے علماء کرام اور دینی جماعتوں کو مسجد اقصیٰ کی اس پکار پر لبیک کہتے ہوئے نہ صرف حکومت پر دباؤ بڑھانا ہوگا بلکہ غزہ میں اسرائیل کی جارحیت کے خلاف عملی اقدامات کا روڈ میپ بھی پیش کرنا ہوگا۔ اُنہوں نے کہا کہ غزہ میں صیہونی ریاست کی جارحیت کو روکنے اور فلسطینی مسلمانوں کی بالفعل سیاسی، سفارتی، مالی اور عسکری مدد کرنے کے لیے حکومت پر دباؤ بڑھایا جائے۔ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ روزِ قیامت اللہ کے ہاں جواب دینا ہے۔ لہٰذا سب متحد ہو کر فلسطین کے دفاع اور اسرائیل کے مذموم مقاصد کو ناکام بنانے کے لیے مقدور بھر عملی اقدامات کریں۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

تنظیمِ اسلامی

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 08 December 2023

"Pakistan should take practical action against Israel; mere announcements are useless."

(Ijaz Latif)

Lahore (PR): "Pakistan should take practical action against Israel, mere announcements are useless."

This was stated by the acting Ameer of Tanzeem e Islami, **Ijaz Latif**, in his message on the occasion of the Al-Aqsa Day. He stated that Israel's brutal bombing on Gaza has been ongoing for two months, and now the Zionist forces are also committing genocide of Palestinian Muslims through ground attacks. According to the figures reported in the media, the number of casualties is reaching 17,000, more than half of which being children and women. Hospitals, schools, and refugee camps on a large scale have been destroyed, and the Zionist forces, after targeting northern Gaza, are now targeting southern Gaza. Palestinian Mujahideen are fighting to protect Al-Aqsa Mosque and the Holy Land. The acting Ameer mentioned that although a national gathering on the issue of 'the sanctity of Al-Aqsa and our responsibility' was held a few days ago in Islamabad, where respected ulema, muftis, and leaders of religious organizations participated, the reality is that at this moment when Hamas Mujaheddin are fighting for the survival of the Muslim Ummah, it was necessary to go beyond preaching and advice. The government of Pakistan and the establishment should have been encouraged to take practical actions. The top leadership of Hamas, while addressing this national gathering, had given a wake-up call to the Muslims of Pakistan by emphasizing that Pakistan's threat to Israel could stop the war. Therefore, the respected ulema and religious organizations should not only increase pressure on the government but also present a roadmap for practical actions against Israel's aggression in Gaza. He said that to stop the aggression of the illegitimate Zionist state in Gaza, pressure must be increased on the government to provide political, diplomatic, financial, as well as military assistance to the Palestinian Muslims. We should not forget that we will all be answerable to Allah *(SWT)* on the Day of Judgment. Therefore, everyone should unite to take practical actions, according to their capacity, to defend Palestine and thwart the condemned objectives of Israel.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan